# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

## اردو

| رول نمبر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

نام ______________________

سینٹر نمبر ______________________

سینٹر کا نام ______________________

سپرنٹنڈنٹ دستخط/مہر ______________________

**ہدایات:**

ا۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیے گئے طریقے سے مکمل سیاہ کرنا ہے۔ ●

۲۔ دائروں کو (شیڈ) بھرنے کے لیے کالے یا نیلے رنگ کا پین استعمال کریں۔

۳۔ جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

---

مقررہ وقت :۴۵ — حصہ – الف — کل نمبر :۳۰

---

(۱) لفظ "نام" کے ہم آواز الفاظ ہیں

- O جان، مان
- O ساز، باز
- O کاج، لاج
- O شام، کام

(۲) " آپ کا تابعدار شاگرد " لکھا جاتا ہے

- O مضمون میں
- O نظم میں
- O درخواست میں
- O کہانی میں

(۳) " ناصر کھانا کھاتا ہے" اس فقرے میں فاعل کی نشاندہی کریں۔

- O ناصر
- O کھانا
- O کھاتا
- O ہے

(۴) امجد آتا ہے۔ زمانے کے لحاظ سے یہ جملہ ہے

- O فعل حال
- O فعل ماضی
- O فعل مستقبل
- O فعل ماضی قریب

(۵) علی اپنے دوستوں کو شادی پر بلانا چاہتا ہے۔ وہ انھیں بھیجے گا

- O سپاسنامہ
- O صلح نامہ
- O روزنامہ
- O دعوت نامہ

(۶) ضرب المثل مکمل کریں۔ "لالچ بری..........ہے۔"

- O چیز
- O بات
- O بلا
- O جڑ

(۷) کھیلنا سے بننے والا اسم فاعل ہے

- O کھیلا
- O کھیل
- O کھیلو
- O کھلاڑی

(۸) "عقیل آیا ہے " اس فقرے کا فعلِ مستقبل ہوگا

- O عقیل آیا تھا
- O عقیل آرہا ہے
- O عقیل آئے گا
- O عقیل آیا ہے

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

### اردو

| رول نمبر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

(۹) ضرب المثل مکمل کریں۔ چھوٹا منہ........... بات۔

- O سچی
- O جھوٹی
- O بڑی
- O چھوٹی

(۱۰) "پرندے ہوا میں اڑتے ہیں "اس جملے میں فعل کی نشاندہی کریں۔

- O ہوا
- O پرندے
- O ہیں
- O اڑتے

(۱۱) وہ حروف جو کسی اسم کو پکارنے کے لیے استعمال ہوں، کہلاتے ہیں

- O حروف استفہام
- O حروف تاسف
- O حروف ندا
- O حروف تحسین

(۱۲) ''وہ سکول گیا تھا''۔ اس فقرے میں اسم ضمیر کی نشاندہی کریں۔

- O سکول
- O وہ
- O گیا
- O تھا

(۱۳) "ٹھنڈا پانی "میں لفظ "ٹھنڈا "ہے

- O موصوف
- O صفت
- O مرکب
- O مصدر

(۱۴) "نڈر "کا متضاد ہے

- O بہادر
- O بزدل
- O چالاک
- O سست

(۱۵) قواعد کے لحاظ سے درست جملہ ہے

- O طلبا شور مچا رہی تھی
- O طلبا شور مچا رہا تھا
- O طلبا شور مچا رہے تھے
- O طلبا شور مچا رہی تھیں

(۱۶) شاعر "اسداللہ خان غالب "میں لفظ 'غالبؔ' ہے

- O کنیت
- O تخلص
- O عرف
- O خطاب

(۱۷) جب آپ خط لکھتے ہیں تو تاریخ لکھی جاتی ہے

- O خط کے شروع میں
- O خط کے درمیان میں
- O خط کے اختتام سے پہلے
- O خط کے اختتام میں

(۱۸) " کامران " کے گھر والے کامران کو پیار سے " کامی" کہتے ہیں اس فقرے میں لفظ کامی ہے

- O عرف
- O تخلص
- O لقب
- O کنیت

(۱۹) " جیسا کرو گے ویسا بھرو گے "اس جملے میں "جیسا" ہے

- O اسم ضمیر
- O اسم نکرہ
- O اسم موصول
- O اسم اشارہ

(۲۰) درج ذیل فہرست میں کون سا فعل فاعل سے مطابقت رکھتا ہے؟

- O کھانا سے کھائی
- O سینا سے سلائی
- O دھونا سے دھوبی
- O پکانا سے پکائی

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

## اردو

| رول نمبر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

(۲۱) کنیت کی درست فہرست ہے

- O اُم ایمن۔ ابوبکر۔ ابوالقاسم
- O غالب۔ ابوبکر۔ ابوالقاسم
- O ابوبکر۔ اُم ایمن۔ نشانِ حیدر
- O اُم ایمن۔ ابوالقاسم۔ مادرِ ملت

(۲۲) ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے آتے ہیں جو کام دوسروں کے

اوپر بیان کیے گئے شعر میں کن لوگوں کا ذکر ہے؟

- O مسلسل کام کرنے والوں کا
- O دوسروں کی مدد کرنے والوں کا
- O تعلیم حاصل کرنے والوں کا
- O بڑوں کی عزت کرنے والون کا

(۲۳) درج ذیل میں اسم نکرہ ہے۔

- O قائداعظم
- O قلعہ بالا حصار
- O لاہور
- O قلم

(۲۴) ہائے ہائے! یہ تو میری بلی مرگئی۔ حروف "ہائے ہائے" ہیں۔

- O حروف نداء
- O حروف تاسف
- O حروف تحسین
- O حروف استفہامیہ

(۲۵) بناوٹ کے لحاظ سے درست جملے کی نشاندہی کریں۔

- O نورین نے گانا گایا
- O نورین نے گانے گایا
- O نورین نے گانا گائیں
- O نورین نے گانا گائی

(۲۶) خبر میں اخباری نمائندے کا نام .......... میں ہوتا ہے۔

- O آخر
- O شروع
- O درمیان
- O شہ سرخی

### (خبر)

پیراگراف پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(نمائندہ چارسدہ) گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چارسدہ میں تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ اس تقریب کی مہمان خصوصی محترمہ شازیہ بیگم کونسلر تھیں۔ انھوں نے اول، دوم اور سوم طالبات میں انعامات تقسیم کیے۔ اس تقریب میں والدین نے بھی بھرپور شرکت کی۔

(۲۷) مندرجہ بالا خبر کی شہ سرخی ہے

- O پرائیویٹ سکول میں تقریب تقسیم انعامات
- O چارسدہ میں تقریب تقسیم انعامات
- O مہمان خصوصی محترمہ شازیہ بیگم
- O اول آنے والی طالبات میں انعامات تقسیم

(۲۸) یہ تقریب منعقد ہوئی

- O لڑکوں کے سکول میں
- O لڑکیوں کے سکول میں
- O شازیہ بیگم کے گھر میں
- O چارسدہ کے نمائندہ کے گھر میں

(۲۹) اس تقریب میں شازیہ بیگم تھیں

- O ہیڈ مسٹریس
- O استانی
- O کونسلر
- O نمائندہ اخبار

(۳۰) یہ تقریب کس سلسلے میں تھی؟

- O یوم آزادی کے
- O یومِ دفاع
- O تقریری مقابلوں کے
- O سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## جانچ برائے جماعت پنجم

## اردو

رول نمبر | | | | | | | |

نام ____________

سینٹر نمبر ____________

سینٹر کا نام ____________

سپرنٹنڈنٹ دستخط/مہر ____________

ہدایات:

ا۔ ہر سوال کا جواب دینا ضروری ہے۔

2۔ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھیں۔

3۔ سوال کا جواب دی گئی جگہ پر تحریر کریں۔

مقررہ وقت: ۷۵ | حصہ – ب | کل نمبر: ۴۵

سوال—II

(۱) پیراگراف پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (6)

تہوار ایک عوامی میلہ ہوتا ہے۔ یہ لوگوں میں اتحاد اور بھائی چارے کی فضا پیدا کرتا ہے۔ تہوار خوشی اور مسرت کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ تہواروں کی دو قسمیں ہیں۔ ایک مذہبی اور دوسرا قومی۔ مسلمانوں کے دو بڑے مذہبی تہوار ہوتے ہیں۔ ایک عیدالفطر اور دوسرا عیدالاضحیٰ۔ عیدالفطر ماہ رمضان میں روزے رکھنے کے بعد شوال کی پہلی تاریخ کو منائی جاتی ہے جبکہ عیدالاضحیٰ دس ذی الحج کو منائی جاتی ہے۔ عیدالاضحیٰ میں مسلمان حضرت ابراہیمؑ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے جانوروں کی قربانی کرتے ہیں اور قربانی کا گوشت اپنے رشتہ داروں اور غریبوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ اسی طرح قومی تہوار بھی منائے جاتے ہیں۔ ہمارے ملک کے قومی تہواروں میں یوم پاکستان ۲۳ مارچ کو جبکہ یوم آزادی ۱۴ اگست کو منایا جاتا ہے۔

(i) عیدالفطر کس مہینے میں منائی جاتی ہے؟

____________

(ii) تہوار منانے سے لوگوں میں کونسا جذبہ پیدا ہوتا ہے؟

____________

(ii) کسی بھی دو قومی تہواروں کا نام تحریر کریں۔

____________

(۲) مندرجہ ذیل شعر کی تشریح کریں اور خط کشیدہ الفاظ کی وضاحت کریں۔ (4)

نہیں ہے چیز <u>نکمی</u> کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں <u>قدرت</u> کے کارخانے میں

____________

____________

____________

____________

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ____________

## جانچ برائے جماعت پنجم

**اردو**

| رول نمبر | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

(۳) مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔ (6)

زندگی ____________

دلیری ____________

اُجرت ____________

(۴) مندرجہ ذیل الفاظ کے مذکر کو مؤنث اور مؤنث کو مذکر میں تبدیل کریں۔ (4)

(i) اونٹ (ii) عورت (iii) مرغا (iv) پڑوسی

| مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |

(۵) اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر یا ہیڈ مسٹریس کے نام بیماری کی درخواست تحریر کریں۔ (10)

یا

اپنے والد کو اپنے سالانہ رزلٹ کے بارے میں خط لکھیں۔ (10)

(۶) آپ اپنے والدین کے ساتھ اپنے چچازاد بھائی کی شادی میں جاتے ہیں۔ 200 سے 250 تک الفاظ پر مشتمل اس شادی کا آنکھوں دیکھا حال لکھیں ۔ (15)

یا

'انگور کھٹے ہیں' کے عنوان پر 200 سے 250 تک الفاظ پر مشتمل کہانی تحریر کریں۔ (15)

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

جانچ برائے جماعت پنجم

**اردو**

## حصہ ب کے نمبروں کی تخصیص

سوال –II

(۱) پیراگراف پر دیے گئے سوالات کے جوابات (6) نمبر

| | ممکنہ جوابات | نمبر |
|---|---|---|
| | ا۔ عیدالفطر کس مہینے میں منائی جاتی ہے؟<br>۲۔ تہوار منانے سے لوگوں کے مابین کونسا جذبہ پیدا ہوتا ہے؟<br>۳۔ کسی بھی دو قومی تہواروں کا نام تحریر کریں۔ | |
| ا | مکمل اور درست جواب دینے پر | 2 |
| | صرف ماہ شوال لکھنے پر | 1 |
| ۲ | تہوار منانے سے لوگوں کے مابین اتحاد اور بھائی چارے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ | 2 |
| ۳ | کسی بھی دو قومی تہواروں کے نام تحریر کرنے پر | 2 |
| | کسی بھی ایک قومی تہوار کا نام تحریر کرنے پر | 1 |

(۲) شعر کی تشریح ( 4 ) نمبر

| شعر کی تشریح | نمبر |
|---|---|
| نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں<br>کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں | |
| پہلے مصرے کا مکمل مفہوم بیان کرنا | 1 |
| دوسرے مصرے کا مکمل مفہوم بیان کرنا | 1 |
| خط کشیدہ الفاظ جیسے نکمی اور قدرت کی تفصیل سے وضاحت کرنا | 2 |

(۳) الفاظ کا جملوں میں استعمال (6) نمبر

| ممکنہ جوابات | معیار |
|---|---|
| ا۔ زندگی<br>۲۔ دلیری<br>۳۔ اُجرت | لفظ استعمال کرتے ہوئے مکمل، معنی خیز اور درست گرامر کے ساتھ جملہ ( 2 )<br>لفظ استعمال کرتے ہوئے مکمل جملہ۔ ایا ۲ گرامر اور املا کی غلطیوں کے ساتھ (۱) |

## بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

### جانچ برائے جماعت پنجم

**اردو**

(۴) مذکر،مئونث — (4) نمبر

| مذکر | مئونث | معیار |
|---|---|---|
| اونٹ | اونٹنی | ہر لفظ کا درست جواب دینے پر ( 1 ) |
| مرغا | مرغی | درست جواب مگر املا کی غلطیوں کے ساتھ ( 0.5 ) |
| پڑوسی | پڑوسن | |
| مرد | عورت | |

(۵) درخواست یا خط — کل نمبر :(10)

| مواد | اشارہ جات | معیار | | |
|---|---|---|---|---|
| | | بہترین | تسلی بخش | توجہ طلب |
| | | 02 | 01 | نمبر 0.5 |
| ترتیب | درخواست کی عام صورت (جس کو درخواست لکھی جاتی ہے۔ اسکا عہدہ اور پتہ صفحہ کے آغاز میں لکھا جاتا ہے۔)<br>ا۔ القاب وآداب<br>۲۔ متن<br>۳۔ درست اختتام | تمام عناصر کی درست ترتیب | تمام عناصر میں سے کم از کم دو عناصر کی درست ترتیب | صرف ایک یا دو عناصر |
| | | 03 | 2.5 | 0.5 |
| القاب و آداب | القاب وآداب کا صحیح استعمال<br>درخواست کے لیے جناب عالیٰ، جناب عالیہ<br>خط کے لیے محترم، محترمہ، پیارے، پیاری وغیرہ | مکمل اور صحیح استعمال | صحیح استعمال املا کی غلطیاں | نامکمل استعمال |
| | | نمبر 04 | نمبر 02 | نمبر 1.5 |
| متن | مخصوص، عین مطابق<br>وجوہات کا درست بیان<br>رسمی زبان کا صحیح استعمال<br>جملوں کا مربوط انداز میں استعمال | جملوں کی مکمل منطقی ترتیب اور رسمی زبان کا استعمال | بعض جملوں کی منطقی ترتیب کے ساتھ استعمال | بے ترتیب اور غیر رسمی زبان کا استعمال |
| | | نمبر 01 | نمبر 0.5 | 0.5 |
| اختتام | درخواست کے اختتامی کلمات (عین نوازش، درخواست دہندہ کا نام، پتہ اور تاریخ) | اختتامی کلمات کا رسمی اور درست استعمال | غیر رسمی طریقہ اختتام | اچانک اختتام |

**اردو**

(۲) مضمون یا کہانی

ا۔ مضمون

کل نمبر :(15)

| اشارہ جات | معیار | | |
|---|---|---|---|
| | بہترین | تسلی بخش | توجہ طلب |
| | 03 | 02 | 01 |
| مضمون کی لمبائی<br>200 تا 250 الفاظ پر مشتمل | 250 الفاظ | 200 الفاظ | 100 الفاظ |
| موضوع سے مطابقت<br>ذخیرہ الفاظ اور اہم نکات | مکمل مطابقت | نصف مطابقت | بہت کم مطابقت |
| جملوں کا ربط<br>ا۔تعارف<br>۲۔متن<br>۳۔نتیجہ | جملوں کا مربوط انداز، ذخیرہ الفاظ اور کلیدی خیالات کا مکمل اور درست استعمال۔ | جملوں کا ادھورا ربط، کچھ موضوع سے متعلق ذخیرہ الفاظ کا استعمال مگر نامکمل کلیدی خیالات کا استعمال۔ | انتہائی کم جملوں کا ربط۔ قلیل ذخیرہ الفاظ، کلیدی خیالات کا فقدان |
| قواعد | تمام قواعد کا مکمل اور صحیح استعمال | قواعد کے استعمال میں ۳ سے ۴ غلطیاں | قواعد کے استعمال میں ۴ سے زیادہ غلطیاں |
| جملہ سازی<br>درست ہجوں کا استعمال، معیاری الفاظ اور محاوروں کا صحیح استعمال | تمام الفاظ کی درست ہجے۔ | اکثر ہجوں کا صحیح استعمال۔ 3 سے 5 الفاظ کے غلط یا نامکمل جملے۔ | 5 سے زیادہ الفاظ کی ہجوں کی غلطی۔ |
| | 15 | 10 | 05 |

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

جانچ برائے جماعت پنجم

## اردو

۲۔ کہانی (کل نمبر 15)

| اشارہ جات | معیار | | |
|---|---|---|---|
| | بہترین | تسلی بخش | توجہ طلب |
| | 03 | 02 | 01 |
| کہانی کی طوالت<br>200 تا 250 الفاظ پر مشتمل | 250 الفاظ | 200 الفاظ | 100 الفاظ |
| آغاز<br>۱۔عنوان<br>۲۔منظر<br>۳۔کردار | تینوں اجزا شامل | کم از کم دو اجزا شامل | صرف ایک جز |
| اہم مسئلہ اور دیگر واقعات<br>(نقطہ کمال یا کلائمکس) | اہم مسئلہ (کلائمکس) بہترین انداز سے بیان کیا گیا۔<br>واقعات میں تسلسل قائم ہے۔ | اہم مسئلہ (کلائمکس) مبہم انداز میں تحریر کیا گیا۔<br>واقعات میں تسلسل کی کمی رہی۔ | مسئلہ (کلائمکس) بیان نہیں کیا گیا۔<br>واقعات میں کوئی ربط نہیں۔ |
| مسئلہ کا حل اور کہانی کا اختتام | دی گئی صورتحال کا مکمل اختتام | دی گئی صورتحال کا مبہم اختتام | نامکمل اور غیر موزوں اختتام |
| قواعد اور جملہ سازی | تمام قواعد کا مکمل اور درست استعمال<br>تمام الفاظ کی درست ہجے۔<br>مکمل جملے | قواعد کے استعمال میں ۳ سے ۴ غلطیاں<br>اکثر ہجوں کا صحیح استعمال۔<br>3 سے 5 الفاظ میں ہجوں کی غلطی۔ کچھ نامکمل جملے۔ | قواعد کے استعمال میں ۴ سے زیادہ غلطیاں<br>5 سے زیادہ الفاظ کی ہجوں کی غلطی۔<br>نامکمل جملے۔ |
| کل نمبر | نمبر 15 | نمبر 10 | نمبر 05 |